# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 2 کے لئے



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 7 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

**5 منٹ** • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

**20 منٹ** • بچوں سے جانوروں کی مختلف اقسام کے بارے میں باتیں کریں۔ بچے جو بھی جواب دیں اسے بورڈ پر لکھ دیں۔

- بچوں کو بتائیں کہ چھپکلی reptile ہے۔ دوسرے reptiles کے نام بچوں سے پوچھیں۔
(سانپ مگرمچھ گرگٹ گوہ)
- بچوں کو بتائیں کہ چھپکلی پوری دنیا میں پائی جاتی ہے۔ ہمارے گھر میں جو چھپکلیاں رہتی ہیں وہ زہریلی نہیں ہوتی ہیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ چھپکلی کیا کھاتی ہے؟
(پتنگا ladybird جھینگر)
- بچوں سے پوچھیں کہ چھپکلی انڈے دیتی ہے یا بچے؟
(چھپکلی انڈے دیتی ہے)

**10 منٹ** • بچوں کو کتاب **چھپکلی** دیں۔ بچے خاموشی سے کتاب دیکھیں۔

**10 منٹ** • کہانی پڑھ کر سنائیں اور بچوں سے تصویروں پر بات چیت کریں۔

# سیشن 2

**5 منٹ** • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

10 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہوں نے اپنے گھر میں چھپکلی دیکھی ہے؟ کیا وہ اس کو بھگا دیتے ہیں؟ کیا وہ چھپکلی سے ڈرتے ہیں؟ چھپکلی کو کن جانوروں سے خطرہ ہوتا ہے؟

15 منٹ • بچے اپنی کوپی میں چھپکلی کی تصویر بنائیں اور رنگ کریں۔

15 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کے دوران حسب ضرورت بچوں کی مدد کریں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 3 کے لئے ورک شیٹ نمبر 1 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 3

5 منٹ • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

30 منٹ • بچوں کو ورک شیٹ نمبر 1 دیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ بچے جوڑ توڑ کا کام کریں۔

# سیشن 4

5 منٹ • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

10 منٹ • 8 - 6 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

25 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ الفاظ کی ضد لکھنے کا کام کروائیں۔

- بورڈ پر الفاظ لکھ کر بچوں کو پڑھائیں اور ان کی ضد پوچھ کر لکھتی جائیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں کریں۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| دھوپ | چھاؤں | باہر | اندر |
| لمبی | ناٹی / چھوٹی | روشنی | اندھیرا |
| موٹی | دبلی | پاس | دور |
| چڑھتی | اترتی | صبح | شام |
| کھول | بند | یہاں | وہاں |

**ہوم ورک**

5 منٹ • املا کی تیاری کریں۔

(لمبی موٹی باہر پاس کھول)

# سیشن 5

5 منٹ • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

15 منٹ • املا کروائیں۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں چھپکلی کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں 4 - 3 جملے لکھیں۔

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ ’چھ‘ سے 5 الفاظ لکھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ضروری نہیں کہ آواز ’چھ‘ لفظ کے شروع میں ہی آئے۔ یہ لفظ کے آخر یا درمیان میں بھی آ سکتی ہے۔ جیسے: ریچھ اچھا پوچھا

# سیشن 6

**5 منٹ** • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

**10 منٹ** • کتاب **چھپکلی** میں سے زبانی سوال و جواب کریں۔

1) چھپکلی کہاں کہاں بھاگتی دوڑتی تھی؟
2) چھپکلی کون سے کیڑے کھاتی ہے؟
3) چھپکلی کو کس پرندے نے کھا لیا؟
4) چھپکلی رات میں سوتی ہے یا دن میں؟
5) چھپکلی انڈے دیتی ہے یا بچے؟

**30 منٹ** • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی نکالیں۔ سوال بورڈ پر لکھیں۔ کام شروع کرنے سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے سوالات بچے کوپی میں نہیں لکھیں گے۔ سوال پڑھ کر اس کا نمبر کوپی میں لکھیں گے اور کتاب میں سے جواب تلاش کر کے سوال نمبر کے سامنے لکھیں گے۔ بورڈ پر ایک سوال کا جواب لکھ کر بتائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 7 کے لئے ورک شیٹ نمبر 2 کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 7

**5 منٹ** • بچوں کو settle ہونے کا وقت دیں۔ بورڈ پر دن اور تاریخ لکھیں۔

**15 منٹ** • بچوں میں ورک شیٹ نمبر 2 تقسیم کریں۔

- ورک شیٹ پر لکھے ہوئے الفاظ بچوں سے پڑھوائیں۔ بورڈ پر ورک شیٹ بنا کر الفاظ تلاش کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔

**نوٹ:** بچوں کو دیمک اور گھن کے بارے میں بتائیں۔

- دیمک (termite) لکڑی میں لگ جاتی ہے اور لکڑی کو کھا کر خراب کر دیتی ہے۔
- گھن چھوٹا سا کیڑا اناج (دال چاول چنا آٹا) میں پیدا ہوتا ہے اور اناج کو کھا کر اس میں سوراخ کر دیتا ہے۔ اناج خراب ہو جاتا ہے۔

**25 منٹ** • بچے ورک شیٹ پر کام کریں۔

# ورک شیٹ 1

نام ______________ کلاس ______________ تاریخ ______________

| الفاظ | توڑ |
|---|---|
| چھپکلی | چھ پ ک ل ی |
| بھاگتی | |
| چھت | |
| چڑھتی | |
| بھوک | |
| جھینگر | |
| دیکھا | |
| کھولا | |
| دھوپ | |
| کھم | |

# ورک شیٹ 2

نام ____________ کلاس ____________ تاریخ ____________

کیڑوں کے نام تلاش کریں اور دائرہ بنائیں۔

مچھر مکھی مکڑی چیونٹی پتنگا دیمک گھن مکڑا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| چ | ی | ڑ | ک | م |
| ی | ر | چھ | م | پ |
| و | د | م | کھ | ت |
| ن | ی | ک | ی | ن |
| ٹ | م | ڑ | گھ | گا |
| ی | ک | ا | ن | ا |

# چھپکلی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk